ماں باپ کا کسی رشتے دار سے قطع تعلق کرنے کا کہنا

مجیب: فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-799

تاریخ اجراء: 17 جمادی الاوّل 1444ھ /12 دسمبر 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بعض اوقات والدین ذاتی رنجش کی بناپر ذی رحم محرم رشتے دار سے تعلق توڑنے کا کہتے ہیں، تو کیا اس صورت میں اولاد پر والدین کی بات ماننا لازم ہوگا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دینِ اسلام نے ایک اصول مقرر کیا ہے کہ جس کام میں خالق کی نافرمانی ہو اس میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں، اگرچہ والدین ہی کیوں نہ ہوں۔ لہذا والدین ہوں یا کوئی اور فرد جب غیر شرعی کام کا حکم دیں تو خالق عزوجل کی نافرمانی والے کام میں ان کی ہر گز اطاعت نہ کی جائے بلکہ حکم شریعت پر عمل کرنا لازم ہے، لہٰذا پوچھی گئی صورت میں اگر والدین بلا اجازتِ شرعی قطع رحمی کا حکم دیتے ہیں تو وہ گناہ گار ہیں اور اولاد پر لازم ہے کہ اس بات میں ان کی اطاعت نہ کرے بلکہ حکم شریعت پر عمل کرے لیکن ان سے بدتمیزی سے پیش آنے کی یا سخت انداز اپنانے کی ہر گز اجازت نہیں، پیار و محبت سے انھیں سمجھائے۔

صحیح بخاری شریف کی حدیثِ مبارک ہے: ”عن علی رضي الله عنه ان النبی صلی اللہ علیہ و اٰلہ و سلم قال لا طاعۃ فی معصیۃ اللہ انما الطاعۃ فی المعروف“ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں، بلکہ مخلوق کی اطاعت تو فقط بھلائی والوں کے کاموں میں ہی جائز ہے۔ (صحیح البخاری، جلد 02، صفحہ 1078-1077، مطبوعہ کراچی، ملخصاً)

صدر الشریعہ بدر الطریقہ حضرتِ علامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ”شرعِ مطہر نے ہر ایک کے حقوق مقرر کر دیئے ہیں، جن کا پورا کرنا لازم ہے اور خود شرع کے بھی حقوق

ہیں جو سب پر مقدم ہیں۔۔۔ جس (کام) کو شرع مطہر نے ناجائز قرار دیا ہے اس میں (کسی کی) اطاعت نہیں کہ یہ حقِ شرع ہے اور کسی کی اطاعت میں احکامِ شرع کی نافرمانی نہیں کی جاسکتی کہ معصیت میں کسی کی طاعت نہیں ہے۔ حدیث میں ہے: لا طاعة للمخلوق فی معصیة الخالق۔" (فتاوی امجدیہ، جلد 04، صفحہ 198، مکتبہ رضویہ کراچی، ملتقطا)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net